© rasailojaraid.com



حسب روایت' اس شمارے میں بھی حمد' نعت' غزل' مقالات' افسانوں اور طنز و مزاح کے ذیل میں عمدہ تحریریں جمع کی گئی ہیں۔ "کلام اقبال کی تدوین" (رشید حسن خان)' بشیر ساجد سے ایک گفتگو' محمود عالم قریشی کی خود نوشت' نسیم حجازی پر ایک مختصر گوشہ اور طنز و مزاح کے حصے میں پروفیسر آسی ضیائی' سلمیٰ یاسمین نجمی اور اشفاق احمد ورک کی کاوشیں خاص توجہ کی مستحق ہیں۔ لطیف الزماں نے سوال اٹھایا ہے کہ اکادمی ادبیات پاکستان کے تحت دسمبر ۱۹۹۷ میں غالب پر دوسوواں جشن منانے کے لیے جو کمیٹی بنائی گئی ہے اس کے اراکین میں کتنے اصحاب "غالب شناس" ہیں؟ جشن کے ضمن میں انھوں نے بعض مفید تجاویز بھی پیش کی ہیں۔ محمود عالم قریشی نے اپنے زمانہ معلمی (اسلامیہ کالج لاہور) کی یادداشتوں میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی تدریس دینیات کا ذکر کیا ہے۔ بتاتے ہیں کہ مولانا اعزازی معلم تھے اور درس و تدریس کا کوئی معاوضہ نہیں لیتے تھے البتہ تانگے کا کرایہ (آٹھ آنے) کالج کے ذمے تھا۔ مولانا اپنے لیکچر میں انگریزی کا ایک لفظ بھی استعمال نہیں کرتے تھے۔ قریشی صاحب اپنا یہ مشاہدہ بھی بیان کرتے ہیں کہ مولانا کالج لائبریری سے معاشیات و سیاسیات وغیرہ پر انگریزی کتابیں مطالعے کے لیے لے جاتے' بہ غور مطالعہ کرتے اور جگہ جگہ نشان لگا دیتے۔۔۔ جناب علیم ناصری نے جعفر بلوچ صاحب کی تصنیف "اقبال اور ظفر علی خان" پر تبصرے کے ضمن میں علامہ اقبال سے "ایکس شاعر" کی نظموں کے انتساب کو مشکوک قرار دیا ہے۔ انھوں نے ماہرین اقبالیات کو اس مسئلے پر تحقیق مزید کی دعوت دی ہے۔ "محفل غائبانہ" میں پروفیسر اسرار احمد سہاوری' جناب مقبول الٰہی اور جناب فضل معبود کے طویل تبصرہ نما خطوط دلچسپ اور معلومات افزا ہیں۔

معاصر ادب اور مختلف اصناف میں ہونے والی تازہ کاوشوں' ادبی رجحانات اور مباحث و صورت احوال سے باخبر ہونے کے لیے یہ ایک عمدہ دستاویز ہے۔ (ر - ہ)

**فی ظلال القرآن**' جلد چہارم۔ سید قطب۔ ترجمہ: سید معروف شاہ شیرازی۔ ناشر: ادارہ منشورات اسلامی' بالمقابل منصورہ' ملتان روڈ' لاہور۔ صفحات: ۸۵۴۔ قیمت: ۳۲۵ روپے۔

سید قطب کی شہرہ آفاق تفسیر قرآن کی چوتھی جلد پیش نظر ہے۔ یہ جلد پارہ ۱۳ سے ۱۹ تک کے ترجمہ و تفسیر پر مشتمل ہے۔ پہلی تین جلدوں پر' انھی صفحات میں تبصرہ آچکا ہے۔ یہ جلد بھی' حسب سابق اچھے معیار پر شائع کی گئی ہے اور ضخامت کے مقابلے میں ہدیہ بہت مناسب ہے۔ (ر-ہ)

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کلفٹن اور ڈیفنس میں جائیداد کی سرمایہ کاری

کے لیے

قابل اعتماد نام

آپ کا اپنا ادارہ

# عبداللہ اسٹیٹس

ESTATE CONSULTANTS & BOOKING AGENTS

9- Mehran Heights GC-1 Block 8

Main Clifton Road, Karachi.

Our New Phone Nos:5831494 - 8532850 - 5832901
5832902 - 5866548

Fax: 9221 - 5833180

© rasailojaraid.com